سندھ ایکٹ نمبرXVI مجریہ 2014

SINDH ACT NO. XVI OF 2014

شناخت شہید اور تلافی سندھ ایکٹ ، 2014

THE SINDH SHAHEED RECOGNITION AND COMPENSATION ACT, 2014

فہرست(CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ سول ایوارڈ

Civil Award

۳۔(4) تلافی ایوارڈ

Award of Compensation

۴۔ شہید کے خاندان کی بھلائی کی خاطر کچھ اقدام لینے کے متعلق سرکار کے اختیارات

Power of Government to take steps for the welfare of families of Shaeed person.

۵۔ قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

۶۔ دشواری کو ختم کرنا۔

Removal of difficulty.

سندھ ایکٹ نمبرXVI مجریہ 2014

SINDH ACT NO. XVI OF 2014

شناخت شہید اور تلافی سندھ ایکٹ،2014

THE SINDH SHAHEED RECOGNITION AND COMPENSATION ACT, 2014

[11 جون 2014]

سندھ صوبے کے ان لوگوں کو نقصان کی تلافی دینے کا ایکٹ جنہوں نے دہشتگردی کے خاتمے کے دوراں اپنی جان کی قربانی دی، جس کے تحت شہداء کے قانونی ورثا کو ان کے نقصان کی تلافی کی جائے گی۔

تمہید(Preamble)

جیسا کہ یہ تقاضا ہے کہ سندھ صوبے میں دہشتگردی کے خاتمے کے دوراں جو افراد اپنی خدمات کو سر انجام دیتے ہوئے، اپنی جان کی قربانی دیتے ہیں ان کو مان اور عزت دیتے ہوئے ان کے قانونی ورثاء کے لئے ان کے نقصان کی تلافی کی جائے۔

اس لئے اس ایکٹ کو مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو شناخت شہید اور تلافی سندھ ایکٹ ، 2014 (THE SINDH SHAHEED RECOGNITION AND COMPENSATION ACT, 2014) کہا جائے گا۔

(2)فی الفور نافذ ہو گا۔

تعریف
Definitions

2. اس ایکٹ کے مقصد، موضوع اور تناظر کے برعکس نہیں ہونگے تو مندرجہ ذیل الفاظ کی تعریف اس طرح ہو گیں۔

(الف)بااختیار(Competent Authority)کا مطلب ہے سندھ کا وزیر اعلیٰ۔

(ب) گورنمینٹ (Government) کا مطلب ہے سندھ سرکار۔

(ت) قانون نافذ کرنے والا ادارہ (Law enforcement agency) کا مطلب ہے سندھ پولیس، جیل پولیس (سندھ رینجرز، فرنٹیئر کانسٹبلری (Frontier Constabulary) اور جاسوسی والی تنظیم جسے سندھ صوبے میں حکومت کی مدد کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔)

(ث) "قانونی وارثاء" (Legal heirs) کا مطلب ہے شہید کے ماں، باپ، بیٹا، بیٹی، بہن، بھائی اور بیوی۔

(ج) فرد (Person) کا مطلب ہے مقرر کئے گئے سرکاری ملازم یا حکومت کے ماتحت کام کرنے والے، جس میں سندھ پولیس ڈپارٹمینٹ کے ملازم یا قانون نافذ کرنے والے ادارہ کا وہ عملدار جو تبادلے کے ذریعے سندھ حکومت میں ماتحت کے طور پر کام کرتے ہیں۔

(ح) "شہید" (Shaheed) کا مطلب ہے وہ فرد جو دہشتگردی کے خاتمے کے دوراں خدمات سرانجام دیتے ہوئے دہشتگردی کا نشانہ بنے یا دہشتگرد گروہ کے ہاتھوں مار دیئے جائے اور جسے "شہید" کے طور پر ظاہر کیا جائے۔

(خ) بعد از موت (Posthumous) کا مطلب ہے ایوارڈ ایسے افراد کو دیا جائے جس نے خدمات سرانجام دیتے ہوئے جان کی قربانی دی۔

سول ایوارڈ
Civil Award

3. (1) اگر اس ایکٹ کے نفس مضمون یا نافذ کئے دوسرے قانون کے برعکس نہ ہے تو پھر حکومت کو یہ اختیار ہوگا کہ ایسے افراد (مرد یا عورت) کو ان کی جان کی قربانی کی تلافی کے طور پر ایوارڈ دے سکتی ہے جو خدمات کو سرانجام دینے کے دوراں دہشتگردی کا شکار بنے ہوں۔

(2) شہید کو بعد از موت گریڈ میں ترقی دے سکتی ہے۔

(3)شہید کی خدمات کے صلے میں سندھ سرکار وفاقی سرکار کو جیسا وہ مناسب سمجھے اس کے لئے سول، ملٹری، یا پولیس ایوارڈ یا میڈل دینے کی سفارش کر سکتی ہے۔

(4)سندھ سرکار وقتاً فوقتاً شہید کے قانونی ورثاء کے لئے ازاے کے طور پر مالی امداد متعین کر سکتی ہے۔

(5)ذیلی دفعہ (4) کی روشنی میں سندھ سرکار مالی تلافی کے علاوہ شہید کے 2 قانونی وارثوں کو نوکری کے لئے مطلوبہ قابلیت کی شرائط میں رعایت دیکر سرکاری ملازمت دے سکتیے ہے یا اس حوالے سے مزید جو مناسب سمجھا جائے۔

شہید کے خاندان کی بھلائی کی خاطر کچھ اقدام لینے کے متعلق سرکار کے اختیارات

Power of Government to take steps for the welfare of families of Shaeed

4. (1) شہیدوں کے یا سندھ پولیس کے خاندان کی بھلائی کے لئے اقدام لئے جا سکیں، سندھ حکومت شہیدوں کے قانونی وارثوں کے بارے میں ملکی اور بین الاقوامی اسکالرشپس، علاج معالجے، مالی امداد، بھلائی کے لئے امداد، بشمول شہیدوں کے قانونی وارثوں کو پلاٹ یا زمین دینے کے حوالے سے اس ایکٹ کے ذریعے سندھ سرکار کے اختیارات پر کوئی پابندی یا حد مقرر نہیں کی جائے گی۔

(2)سندھ سرکار شہیدوں کے خاندانوں کی بھلائی کے لئے فنڈ قائم کر سکتی ہے۔

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

5. اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے سندھ سرکار قواعد بنا سکتی ہے۔

دشواری کو ختم کرنا۔

.Removal of difficulty

6. اگر اس ایکٹ میں کہیں بھی نفاذ کے حوالے سے اگر کوئی مشکل پیدا ہو رہی ہو تو اس کے لئے حکومت مطلوبہ حکم جاری کر سکتی ہے جو اس ایکٹ کے نفس مضمون اور مقاصد کے خلاف نہ ہو۔

نوٹ:-ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔